سوال

(768) میں پڑھتا ہوں مگر دل جی سے نہیں شوق ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

محترم گزارش یہ ہے کہ میں پانچویں کلاس درس نظامی کا طالب علم ہوں چیچہ وطنی جامعہ اشاعة العلوم میں متعلم ہوں ایک بات جسے بلا حجاب پوچھنا چاہوں گا کہ میں پڑھتا ہوں مگر دل جی سے نہیں شوق ہے مگر پڑھنے کے لیے بادل نخواستہ بیٹھ بھی جاؤں تو ہر ملنے والا سبق میری سمجھ سے بالاتر ہوتا ہے جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اسی قدر اشتیاق قلبی رہ جاتا ہے ۔

اب مجھے لکھیں کہ آپ جیسی قابلیت علمی اور عملی کہاں سے ملے گی ؟ ؟ ؟ میرے پاس وقت بھی ہے اساتذہ بھی ہیں اگر نہیں ہے تو وہ کچھ نہیں ہے جو مذکور بالا ہو چکا ہے ۔ اللہ تعالیٰ آپ کے علم وعمل میں مزید ترقی دے ۔ آمین ابو عبداللہ ابو بکر الخازمی

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز تہجد باقاعدہ پڑھا کریں ، نماز فجر باجماعت پڑھ کر سوئیں نہیں ذکر واذکار تلاوت قرآن میں مشغول رہیں حتی کہ سورج اچھی طرح طلوع ہو جائے پھر دو رکعت نماز پڑھ لیا کریں ہر معاملہ میں تقویٰ اختیار فرمائیں دروس واسباق یاد کرنے میں خوب محنت سے کام لیں ، جو سبق پڑھنا ہو پہلے اس کا خوب مطالعہ کیا کریں ، بغیر مطالعہ کوئی سبق نہ پڑھیں ، اساتذہ کرام اور اصحاب وتلامذہ کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں بالخصوص والدین کے حقوق ادا کرنے میں سر مو کمی نہ آنے دیں اور دعا ''اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا'' 4 کثرت سے پڑھتے رہا کریں رات باوضو ہو کر دائیں جانب لیٹ جائیں ، براء بن عازب سوال سے مروی دعاء [''اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْکَ وَوَجَّھْتُ وَجْھِیْ اِلَیْکَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ وَاَلْجَأْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْکَ رَغْبَةً وَرَھْبَةً اِلَیْکَ لاَمَلْجَأَ وَلاَمَنْجَا مِنْکَ اِلاَّاِلَیْکَ آمَنْتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَبِنَبِیِّکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ'' 5 الخ یا الٰہی میں نے اپنے نفس کو تیرے حکم کے مطیع کیا اور اپنے چہرے کو تیری طرف متوجہ کیا اپنے سب کام آپ پر سونپ دیئے اور میں نے تجھ پر اعتماد کیا شوق اور خوف سے تیری رحمت کے بغیر تیرے عذاب سے نجات نہیں جو تو نے کتاب نازل فرمائی میں اس پر ایمان لایا تیرے نبی پر جس کو تو نے مبعوث فرمایا] سونے سے پہلے پڑھا کریں نیز وقتا فوقتا دعاء ''رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْلِیْٓ اَمْرِیْ'' [اے میرے پروردگار 1 میرا سینہ کھول دے اور میرے لیے کام آسان کر دے ۔] 1 پڑھا کریں ، لغویات ، فضولیات اور معاصی سے پوری طرح اجتناب کریں ۔

4 [ترمذی ۔ الدعوات ۔ باب سبق المفردون ، حدیث ۳۵۹۹] 5 [بخاری شریف ۔ باب النوم علی الشق الایمن کتاب الدعوات]

۱۴۲۰/۶/۱ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل](#)

جلد01ص495

محدث فتویٰ